نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے آبپاش علاقوں میں گندم کی کاشت بارے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور:29 اکتوبر 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق پنجاب کے آبپاش علاقوں میں گندم کی کاشت یکم نومبر سے شروع ہو گی۔کاشتکار گندم کی کاشت کیلئے زمین اچھی طرح تیار کریں۔وریال زمینوں میں دو تا تین دفعہ وقفہ وقفہ سے ہل چلائیں۔کاشتکار گندم کی بروقت کاشت کیلئے یکم تا 20 نومبر کیلئے شرح بیج 40 تا 45 کلو گرام فی ایکڑ رکھیں۔کاشتکار فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام کا تصدیق شدہ بیج استعمال کریں۔پنجاب کے آبپاش علاقوں کیلئے محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام فیصل آباد 2008، اُجالا 2016، جوہر 2016، بورلاگ 2016، اناج 2017، فخر بھکر 17، بھکر سٹار 19، غازی 19، اکبر 19، ایم ایچ 21، سبحانی 21، نشان 21، دلکش 20، این اے آر سی سپر، صادق 21، نواب 21، رہبر 21، ڈیورم 21 اور عروج 22 ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ فیصل آباد 2008 اور پاکستان 13 کنگی سے متاثر ہیں۔کاشتکار ان اقسام کو کم سے کم رقبہ پر کاشت کریں۔کاشتکار گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے بیماریوں سے پاک، صاف ستھرا اور صحت مند بیج استعمال کریں اور بیج کے اُگاؤ کی شرح 85 فیصد سے ہرگز کم نہیں ہونی چاہیے۔

☆☆☆